شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

05 ستمبر 2023ء

پریس ریلیز

پاکستان کے حقیقی دفاع کے لیے نظریۂ پاکستان کی عملی تعبیر لازم ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): پاکستان کے حقیقی دفاع کے لیے نظریۂ پاکستان کی عملی تعبیر لازم ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے 06 ستمبر کے موقع پر اہل پاکستان کے نام اپنے پیغام میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان معاشی، سیاسی اور سماجی مسائل کے انبار میں محصور ہو چکا ہے۔ پاکستان کی بقاء اور سلامتی کو سیاسی انتشار، معاشی بدحالی اور معاشرتی گراوٹ سے شدید خطرات لاحق ہیں۔ پھر یہ کہ نظریاتی سطح پر ہم نے پون صدی سے ریورس گیئر لگا رکھا ہے۔ ہماری رائے میں اگر قرارداد مقاصد پر خلوص دل اور نیک نیتی سے عمل کیا جاتا اور قیامِ پاکستان کے فوراً بعد تمام مکاتبِ فکر کے 31 جید علماء کی جانب سے متفقہ طور پر پیش کیے گئے 22 نکات کو بنیاد بنا کر پاکستان کو ایک حقیقی اسلامی فلاحی ریاست بنا دیا جاتا تو آج پاکستان ایک مضبوط اور مستحکم ملک ہوتا۔ اُنہوں نے کہا کہ اب بھی وقت ہے ہم اپنے طرزِ عمل پر نظرثانی کریں، ماضی میں نفاذِ اسلام کے حوالے سے جو غفلت اور کوتاہی برتی گئی ہے اُسے دُور کیا جائے اور تحریکِ پاکستان کے دوران اللہ تعالیٰ سے کیے گئے وعدے کا ایفاء کریں۔ اگرچہ پاکستان میں نفاذِ اسلام ہمارے ایمان کا تقاضا ہے لیکن موجودہ حالات کا منطقی اور عقلی تقاضا بھی اِس کے سوا نہیں ہے کہ ہم اپنی اصل کی طرف لوٹیں اور تمام غیر اسلامی اور غیر شرعی قوانین کو ختم کریں اور دفاعِ پاکستان کے لیے اسلام کے نظام عدل اجتماعی کو مملکت خداداد پاکستان میں نافذ کرنے میں مزید تاخیر نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں صحیح فیصلہ کرنے اور پھر اُس پر استقامت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 5 September, 2023

"The practical implementation of Pakistan's founding ideology is essential for the effective defense of the country."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): The practical implementation of Pakistan's founding ideology is essential for the effective defense of the country. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in his message to the nation on September 6. The Ameer said that the stark reality is that Pakistan, today, is drowned in economic, political and social problems. The existence of Pakistan is in immense jeopardy owing to political turmoil, economic downfall and moral decay. Additionally, we are in a state of undoing because of the departure from our Islamic ideological basis for the past 75 years. In our point of view, if the Objectives Resolution was actually implemented with sincerity and righteous intent, and the 22 unanimous clauses presented by 31 eminent scholars encompassing all religious schools of thought made a basis to establish Pakistan as a true Islamic welfare state, Pakistan would have been a grounded and stable state indeed. He said that there is still time to reassess our course of action, redress past mistakes and neglectfulness committed with regards to the establishment of the Islamic Shariah, by fulfilling the promises made with Allah (SWT) during the Pakistan Movement. Although the establishment of the Shariah is our religious duty, the logical and rational implication of our present predicament also beckons us to return to our roots and annul all un-Islamic and Sharia non-compliant legislations, and waste no more time in implementing Islam's system of social justice in the Islamic Republic of Pakistan. May Allah (SWT) grant us the ability to make decisions based on the truth, and to then remain steadfast on them. Ameen!

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim Nashr o Ishaat
Tanzeem e Islami Pakistan